شرکاء صحافیوں کو خوش آمدید کہا اور انسداد پولیو مہم کے حوالے سے صحافیوں کے کردار کی اہمیت پر روشنی ڈالی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی این اسٹاف کے ڈاکٹر یاسین خان اور کمیونٹ کے صدام حسین نے کہا کہ موجودہ دور الیکٹرانک پرنٹ اور سوشل میڈیا کا دور ہے اس لیے انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے میڈیا کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہیا نہوں نے کہا کہ 21 ستمبر سے نصیر آباد میں انسداد پولیو مہم شروع کی جارہی ہے جس کے دوران بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے ساتھ ساتھ والدین اور عوام کو پولیو کے خاتمے کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جائے گی انہوں نے صحافیوں پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو قومی فریضہ سمجھتے ہوئے پولیو مہم کے پیغام کو زیادہ سے زیادہ عوام تک پہنچائیں خصوصاً سوشل میڈیا کے ذریعے پولیو کی اہمیت وافادیت، پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلانے اور والدین کے تعاون کے حوالے سے شعور اجاگر کریں مقررین نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور مستقل معذوری کا باعث بننے والی بیماری ہیتاہم بروقت حفاظتی قطرے پلانے سے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہیانہوں نے کہا کہ معاشرے کے تمام طبقات، والدین، علماء، اساتذہ، قبائلی و سماجی رہنماؤں اور میڈیا کو مل کر انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہوگا سیمینار میں صحافیوں کو پولیو مہم کے مقاصد، ٹیموں کی کارکردگی، عوامی آگاہی، والدین کے تعاون اور سوشل میڈیا پر مثبت ومؤثر پیغام رسانی کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی گئی اس موقع پر صحافیوں نے محکمہ صحت کے حکام کو یقین دلایا کہ بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے جاری قومی کوششوں میں میڈیا اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا اور عوام میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے انسداد پولیو پیغام کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔

بقیہ 3

نے پاکستان اور فرانس کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سفیر نکولس گالے کی خدمات کو سراہا۔وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان فرانس کے ساتھ دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوطی اور وسعت دے گا۔انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے سیاسی روابط، اقتصادی تعاون، ترقیاتی شعبے میں تعاون اور عوامی سطح پر روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ملاقات میں دونوں جانب سے اعلیٰ سطح پر باقاعدہ روابط کی اہمیت پر زور دیا گیا۔علاقائی اور عالمی امور پر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا۔وزیراعظم نے فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے سفیر نکولس گالے کے لیے مستقبل کی ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 4

کے مطابق بھارتی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اس واقعے کے نتیجے میں بین الاقوامی سمندری حدود میں پاکستانی نیوی کا جہاز انڈین نیوی کے ایک جہاز کے ساتھ ٹکرایا۔پاکستانی دفتر خارجہ نے تاحال اس معاملے پر کوئی ردعمل نہیں دیا ہے۔ بھارتی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ واقعہ بین الاقوامی سمندری حدود میں پیش آیا اور اس کے نتیجے میں کوئی بڑا نقصان نہیں ہوا،تاہم بھارت کا موقف ہے کہ پاکستانی بحری جہاز کا طرز عمل اپریل 1991 میں انڈیا اور پاکستان کے درمیان فوجی مشقوں، نقل وحرکت اور فوجی دستوں کی پیشگی اطلاع سے متعلق معاہدے کے آرٹیکل 10 کی براہ راست خلاف ورزی تھا۔وزارت خارجہ کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ انڈین حکام نے پاکستانی ناظم الامور کو ہدایت کی ہے کہ وہ متعلقہ پاکستانی حکام تک یہ پیغام پہنچائیں کہ دونوں ممالک کے درمیان طے شدہ معاہدوں کا احترام کرتے ہوئے تمام فوجی یونٹس احتیاط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ بھارتی وزارت خارجہ نے مزید کہا ہے کہ انھوں نے اسلام آباد میں تعینات اپنے ناظم الامور کو بھی ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ پاکستان کی وزارت خارجہ کے سامنے اسی نوعیت کا احتجاج ریکارڈ کروائیں۔

بقیہ 5

سامنے آ گیا۔لاہور میں صدر انجمن تاجران کی زیرِ صدارت شاہ عالم مارکیٹ میں ہنگامی اجلاس منعقد ہوا،جس میں حکومت کی اس تجویز پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے مکمل طور پر مسترد کر دیا گیا۔آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ اور تاجر رہنماؤں کا کہنا ہے کہ مارکیٹوں میں گاہک نہ ہونے کی وجہ سے پہلے ہی سنسان لاک ڈاؤن کی سی صورتحال ہے اور تاجر برادری شدید معاشی مشکلات کا شکار ہے۔انہوں نے متنبہ کیا کہ ڈنڈے کے زور پر لاک ڈاؤن لگانے کی کوشش کی گئی تو سخت مزاحمت کی جائے گی۔اجمل بلوچ نے مطالبہ کیا کہ حکومت مفت پٹرول، بجلی اور گیس کی سہولیات کی پریکٹس ختم کرے اور لاک ڈاؤن کی تجویز فوری ترک کرے، ورنہ تاجر برادری سڑکوں پر نکل کر ملک گیر احتجاج کی تاریخ کا اعلان کر دے گی۔دوسری جانب کراچی الیکٹرونکس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر رضوان عرفان نے بھی ممکنہ لاک ڈاؤن کے فیصلے کو سختی سے مسترد کر دیا۔ان کا کہنا تھا کہ تاجر برادری کسی بھی قسم کے لاک ڈاؤن کو تسلیم نہیں کرے گی، حکومت کو چاہیے کہ ملک میں بڑھتے ہوئے اپنے اخراجات ختم کرے، مہنگائی پر قابو پائے اور بے روزگار ہوتے لوگوں کے لیے روزگار کی فراہمی کے ہنگامی اقدامات کرے نہ کہ کاروبار بند کرائے۔

بقیہ 6

میں ایک بہت مختلف مرحلے میں داخل ہوگی۔جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ جنگ کے بنیادی طور پر 2 مراحل ہیں اور پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے، پہلے مرحلے میں ایران کے جوہری پروگرام، روایتی فوج اور اس کی طاقت کو بیرون ملک استعمال کرنے کی صلاحیت کو تباہ کرنا شامل تھا،جس کے ذریعے تہران چند سال پہلے تک طاقت کا اظہار کرنے کے قابل تھا۔امریکی نائب صدر نے مزید کہا کہ جنگ کے دوسرے مرحلے میں اس بات کو یقینی بنانا شامل ہوگا کہ تہران اپنی صلاحیتیں دوبارہ تعمیر نہ کر سکے، جبکہ جنگ کے بعد عالمی استحکام کو زیادہ سے زیادہ برقرار رکھنے کی کوشش کی جائے گی۔ علاوہ ازیں امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے دعوی کیا ہے کہ صدر ٹرمپ اسرائیل سے راہیں جدا کرنے کیلئے تیار ہیں۔ جے ڈی وینس نے کہا ہیکہ امریکی عوام اور اسرائیلی حکومت کے مفادات ایک دوسرے سے مختلف بھی ہوسکتے ہیں،صدر ٹرمپ کو محسوس ہوا تو وہ نیتن یاہو سے الگ راستہ اختیار کرنے کیلئے تیار ہیں۔انہوں نے مزید کہا ہم مشرق وسطی سے متعلق اپنی خارجہ پالیسی کو اسرائیل کے تابع نہیں کرسکتے،جہاں ہمارے مفادات مشترک ہوں گے،ہم ملکرکام کریں گے،اور جہاں اختلاف ہوگا،وہاں ہم اختلاف کریں گے،ایران بحری جہازوں کونشانہ بناتا رہے گا تو توانائی کا عالمی بحران رہے گا۔

بقیہ 7

افراد کی مالی معاونت،فنی استعداد بڑھانے اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے لئے جامع حکمت عملی مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروباری افراد کو مالی معاونت اور سہولیات فراہم کرنے کے لئے سمیڈا کی زیرنگرانی جاری اقدامات کا جائزہ اجلاس وزیراعظم کی زیر صدارت ہوا،جس میں انہوں نے ہدایت کی کہ ملک کے طول وعرض میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروباری افراد کی مالی معاونت کے لئے سمیڈا جامع حکمت عملی وضع کرے۔انہوں نے کہا کہ سمیڈا کے ادارہ جاتی مقاصد میں ملک کے تمام علاقوں میں کاروبار کی ترغیب کے ساتھ مساوی سہولیات اور یکساں فنی معاونت کی فراہمی سرفہرست ہونی چاہیے۔ وزیراعظم نے چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروبار میں خواتین کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے سمیڈا کے جاری پروگرام کو مزید وسعت دینے کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ مقامی کاروباری افراد کی قومی اور عالمی سطح پر تجارتی منڈیوں تک رسائی کے لئے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ وزیراعظم نے سمیڈا کی کاروبار کے فروغ کی حکمت عملی میں زیادہ سے زیادہ علاقوں اور شعبوں کو شامل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے زرعی اجناس کے پیداواری اور تجارتی روابط کو منظم کرنے کیلئے بھی خصوصی اقدامات پر مشتمل حکمت عملی تیار کرنے کا کہا۔انہوں نے ہدایت کی کہ کاروباری افراد کی مالی معاونت، فنی استعداد کار میں اضافے اور سہولیات کی فراہمی پر یکساں توجہ دی جائے۔اس موقع پر اجلاس کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کی تقویت اور کاروباری افراد کی معاونت کے لیے ہر سطح پر اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 8

کہا ہے کہ ملک پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات سے دوچار ہے،ایسے میں کاروباری و معاشی سرگرمیوں کو محدود کرنے کی تجاویز عوامی مشکلات میں مزید اضافے کا باعث بنیں گی۔اسمارٹ لاگ ڈان اور نقل وحمل پر پابندیوں کی کسی بھی تجویز کو ملک کو مفلوج کرنے کے مترادف سمجھتے ہیں اور اسے مسترد کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہفتے میں تین دن کاروبار اور معمولات زندگی محدود رکھنے کی تجویز سے سب سے زیادہ متاثر عام شہری، دیہاڑی دار اور مزدور طبقہ ہوگا، جو روزانہ محنت کر کے اپنے خاندان کا پیٹ پالتا ہے۔ مزدور اگر ایک دن کام نہیں کرے گا تو اس کے گھر کا چولہا متاثر ہوگا، جبکہ ہفتے میں تین دن کام کے مواقع محدود ہونے سے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات کئی گنا بڑھ سکتی ہیں۔سید امان شاہ نے کہا کہ حکومت کو ایسی پالیسیاں بنانے سے گریز کرنا چاہیے جن سے روزگار، کاروبار، صنعت، تجارت اور نقل وحمل کا پہیہ سست پڑ جائے۔ ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے ضروری ہے کہ کاروباری سرگرمیوں کو سہولت دی جائے، سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کیے جائیں اور عام آدمی کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، پٹرول، گیس اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے نے پہلے ہی عوام کی قوت خرید کو شدید متاثر کیا ہے۔حکومت اگر واقعی عوام کو ریلیف دینا چاہتی ہے تو اسے غیر ضروری اخراجات کم کرنے، مہنگائی پر قابو پانے اور روزگار کے مواقع بڑھانے پر توجہ دینی چاہیے، نہ کہ عوام کی نقل وحرکت اور کاروباری سرگرمیوں کو محدود کرنے کے راستے اختیار کیے جائیں۔صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی نے کہا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فیصلے عوامی مفاد، زمینی حقائق اور معاشی اثرات کو مدنظر رکھ کر کیے جانے چاہئیں۔ ایسے اقدامات جن سے غریب، مزدور، ٹرانسپورٹر، دکاندار اور چھوٹے کاروباری طبقے کا روزگار متاثر ہو، ان پر تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت ضروری ہے۔

بقیہ 9

۔ان کا کہنا تھا کہ حرمین شریفین کو نشانہ بنانا یا ان کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے کی کوشش ناقابلِ جواز اور ناقابلِ قبول ہے،اس بزدلانہ، اشتعال انگیز اور شرمناک کوشش کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی، امن اور حرمت پوری دنیا کے مسلمانوں کے لیے مقدس اور ناقابلِ سمجھوتہ معاملہ ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حرمین شریفین، تمام زائرین اور مقدس سرزمین کو ہر شر اور فتنے سے محفوظ فرمائے اور مقدس سرزمین کے امن کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام ونامراد ہو۔

بقیہ 10

کے مطابق بھارتی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اس واقعے کے نتیجے میں بین الاقوامی سمندری حدود میں پاکستانی نیوی کا جہاز انڈین نیوی کے ایک جہاز کے ساتھ ٹکرایا۔پاکستانی دفتر خارجہ نے تاحال اس معاملے پر کوئی ردعمل نہیں دیا ہے۔ بھارتی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ واقعہ بین الاقوامی سمندری حدود میں پیش آیا اور اس کے نتیجے میں کوئی بڑا نقصان نہیں ہوا،تاہم بھارت کا موقف ہے کہ پاکستانی بحری جہاز کا طرز عمل اپریل 1991 میں انڈیا اور پاکستان کے درمیان فوجی مشقوں، نقل وحرکت اور فوجی دستوں کی پیشگی اطلاع سے متعلق معاہدے کے آرٹیکل 10 کی براہ راست خلاف ورزی تھا۔وزارت خارجہ کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ انڈین حکام نے پاکستانی ناظم الامور کو ہدایت کی ہے کہ وہ متعلقہ پاکستانی حکام تک یہ پیغام پہنچائیں کہ دونوں ممالک کے درمیان طے شدہ معاہدوں کا احترام کرتے ہوئے تمام فوجی یونٹس احتیاط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ بھارتی وزارت خارجہ نے مزید کہا ہے کہ انھوں نے اسلام آباد میں تعینات اپنے ناظم الامور کو بھی ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ پاکستان کی وزارت خارجہ کے سامنے اسی نوعیت کا احتجاج ریکارڈ کروائیں۔

بقیہ 11

سول جج عاصم ممتاز نے کیس کی سماعت کی، دونوں ملزمان کو جیل سے عدالت میں پیش کیا گیا۔دورانِ سماعت مقدمے کا چالان پیش کرنے کا حکم دے دیا۔دونوں ملزمان کے جوڈیشل ریمانڈ میں 30 ستمبر تک توسیع کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 12

خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایس ایس پی سیوی عبدالحمید، اسسٹنٹ کمشنر سیوی عمران مندوخیل، مختلف محکموں کے افسران اور خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی نے کہا کہ اسلامی قوانین ہوں یا سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے، دونوں میں خواتین کے حقوق کو اولین ترجیح حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری بلانے کا مقصد یہی تھا کہ عوامی مسائل کا جو پہلو نظرانداز رہ جاتا ہے،اسے براہ راست سن کر حل کیا جائے۔ کھلی کچہری میں خواتین نے اپنے مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے بیان کیے اور تحریری درخواستیں بھی جمع کروائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعدد قابل حل مسائل موقع پر ہی نمٹا دیے، ڈپٹی کمشنر سیوی نے کہا کہ اس نوعیت کی کھلی کچہریاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ منعقد کی جاتی رہیں گی تاکہ عوام، بالخصوص خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جاسکے اور انتظامیہ اور عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور کسی بھی مسئلے کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے بلوچستان ایشیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کے اس اہم منصوبے کے تحت ضلع سیوی میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے وسیع پیمانے پر ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے ہیں، جن سے علاقے کے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے پُرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 13

افراد کی مالی معاونت، فنی استعداد بڑھانے اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے لئے جامع حکمت عملی مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروباری افراد کو مالی معاونت اور سہولیات فراہم کرنے کے لئے سمیڈا کی زیرنگرانی جاری اقدامات کا جائزہ اجلاس وزیراعظم کی زیر صدارت ہوا،جس میں انہوں نے ہدایت کی کہ ملک کے طول وعرض میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروباری افراد کی مالی معاونت کے لئے سمیڈا جامع حکمت عملی وضع کرے۔انہوں نے کہا کہ سمیڈا کے ادارہ جاتی مقاصد میں ملک کے تمام علاقوں میں کاروبار کی ترغیب کے ساتھ مساوی سہولیات اور یکساں فنی معاونت کی فراہمی سرفہرست ہونی چاہیے۔ وزیراعظم نے چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروبار میں خواتین کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے سمیڈا کے جاری پروگرام کو مزید وسعت دینے کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ مقامی کاروباری افراد کی قومی اور عالمی سطح پر تجارتی منڈیوں تک رسائی کے لئے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ وزیراعظم نے سمیڈا کی کاروبار کے فروغ کی حکمت عملی میں زیادہ سے زیادہ علاقوں اور شعبوں کو شامل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے زرعی اجناس کے پیداواری اور تجارتی روابط کو منظم کرنے کیلئے بھی خصوصی اقدامات پر مشتمل حکمت عملی تیار کرنے کا کہا۔انہوں نے ہدایت کی کہ کاروباری افراد کی مالی معاونت، فنی استعداد کار میں اضافے اور سہولیات کی فراہمی پر یکساں توجہ دی جائے۔اس موقع پر اجلاس کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کی تقویت اور کاروباری افراد کی معاونت کے لیے ہر سطح پر اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 14

اگلے سال اپریل مئی تک اس نظام کا ریگولیٹری فریم ورک دیں گے، ملک میں بجلی کی کوئی اضافی لوڈشیڈنگ نہیں ہورہی۔اویس لغاری کا کہنا ہے کہ نیٹ میٹرنگ سسٹم تبدیل کرنے سے لوگوں نے بیٹریاں لگانا شروع کی ہیں،3 یا 4 لاکھ لوگوں کا بوجھ باقی ساڑھے 3 کروڑ لوگوں پر ڈالنے سے روکا ہے۔

بقیہ 15

نیٹس اسکیم میں شامل ہو چکا ہے۔انہوں نے بتایا کہ جس دکان کے باہر ایف بی آر کی پلیٹ لگی ہوگی وہاں ایف بی آر اہلکار داخل نہیں ہوگا، آج اسلام آباد کے جی نائن میں باقاعدہ طور پر ایف بی آر کی پلیٹ لگا دی گئی ہے اور دکاندار اسکیم میں شامل ہونا شروع ہوگئے ہیں۔وزیر مملکت خزانہ نے کہا کہ آسان نیٹس اسکیم چھوٹے دکانداروں کو نیٹس نیٹ میں لانے کے لیے ہے اور نیٹس بیس بڑھانے کی جانب اہم قدم ہے۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت نیٹس نظام کو آسان، شفاف اور کاروبار دوست بنانے کے لیے کوشاں ہے، جبکہ کاروباری طبقے کے لیے نیٹس نظام میں سہولت اور آسانی پیدا کی جارہی ہے۔

بقیہ 16

انکشاف کیا کہ جب ان کا قافلہ وزیرآباد پہنچا تھا،تو وہاں بھی قافلے کے پیچھے قتل کی نیت سے سول کپڑوں میں ملبوس ایک قاتل کو بھیجا گیا تھا، میری سکیورٹی نے مستعدی دکھاتے ہوئے اسے پکڑا،اس سے پستول برآمد کیا اور اسے متعلقہ ایس ایچ او کے حوالے کردیا گیا۔وزیراعلی سہیل آفریدی نے پنجاب انتظامیہ اور پولیس کے رویے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے مزید کہا کہ پنجاب میں ان کی آمد کے بعد نہ صرف سکیورٹی کے سخت خدشات پیدا کیے گئے بلکہ ہمارا کھانا تک پولیس نے چھین لیا اور جس گھر میں ہم نے قیام کیا،اس گھر کی بجلی بھی پیچھے سے کاٹ دی گئی۔

بقیہ 17

انہوں نے کہا کہ پانڈا بانڈ سے پاکستان کو نئے اور بڑے ادارہ جاتی سرمایہ کاروں تک رسائی ملی، پاکستان اور چین کے درمیان مالیاتی روابط مزید مضبوط ہوگئے۔خرم شہزاد کا کہنا تھا کہ پانڈا بانڈ سے حاصل رقم پانی، توانائی اور صحت کے منصوبوں پر خرچ ہوگی جب کہ پاکستان میں گرین اور سماجی طور پر جامع سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوگئے۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے مئی 2026 میں 1.75 ارب چینی یوآن کا پانڈا بانڈ جاری کیا تھا، پاکستان کے 3 سالہ پانڈا بانڈ پر 2.5 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا گیا تھا۔

بقیہ 18

لگائے گئے ہیں۔مریم نواز نے کہا کہ کلین انرجی ویژن کے تحت ہر ضلع اور تحصیل تک گرین الیکٹرو بس سروس چلائی جا رہی ہے، جبکہ پنجاب میں طلبہ، خواتین اور عوام کو بھی الیکٹرک بائیکس دی جا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ گرین ٹیکسی کے ذریعے ماحول دوست ٹرانسپورٹ سسٹم متعارف کرایا گیا ہے۔ماحولیات کے تحفظ کے لیے اڑھائی سال میں اتنا کام ہوا جتنا کئی دہائیوں میں نہیں ہوسکا۔وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ پنجاب سرسبز وشاداب مستقبل کی طرف بڑھ رہا ہے اور محفوظ ماحولیاتی مستقبل کا سفر اب نہیں رکے گا۔مریم نواز نے عوام بالخصوص نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ ماحول دوست طرز معاشرت اپنا کر اوزون کے تحفظ میں بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 19

نے کہا کہ ایران کو بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی جنرل کانفرنس کی جنرل کمیٹی کا رکن منتخب کرلیا گیا ہے، باوجود اس کے کہ امریکا نے ایران کے انتخاب کو روکنے کی کوشش کی تھی۔ایرانی مشن نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ آئی اے ای اے کے رکن ممالک نے ایران کی رکنیت کے حق میں ووٹ دیا۔ایران کی اٹامک انرجی ایجنسی کے ترجمان بہروز کمال واندی نے کہا کہ امریکا نے ہر ممکن کوشش کی تھی کہ وہ ایسا نہ ہونے دے تاہم یہ کوششیں ناکام رہیں۔واضح رہے کہ ایران نے پیر کو ایرانی اٹامک انرجی تنظیم کے سربراہ محمد اسلامی کو اقوام متحدہ کی جوہری ایجنسی کے دیانا میں ہونے والے سالانہ اجلاس میں شرکت سے روکے جانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ رکن ملک کی حیثیت سے ایران کے حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 20

نے موقع پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لے لیا اور ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے قریبی اسپتال منتقل کردیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کے قتل کے اسباب اور دیگر پہلوں کا احاطہ کرنے کے لیے گہرائی سے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے،اور شناختی کارڈ کی مدد سے ورثا سے رابطہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 21

مقابلے میں زیادہ منتشر، پیچیدہ اور ٹیکنالوجی پر مبنی ہوچکی ہے، جبکہ افغانستان سمیت بعض خطے اب بھی شدت پسند گروہوں کے لیے سازگار ماحول فراہم کر رہے ہیں۔اٹلانٹک کونسل کی 10 ستمبر 2026 کو جاری ہونے والی خصوصی رپورٹ میں دہشت گردی کے موجودہ خطرے کا مختلف پہلوں سے جائزہ لیا گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق 9/11 کے بعد دہشت گردی کے خلاف دو دہائیوں پر محیط کارروائیوں کے باوجود القاعدہ اور داعش سے وابستہ گروہوں کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا، بلکہ کئی گروہوں نے اپنی حکمت عملی تبدیل کرتے ہوئے غیر مرکزی نیٹ ورکس، مقامی تنازعات اور جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا شروع کردیا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دہشت گرد تنظیموں اور ان سے وابستہ گروہوں کے لیے انٹرنیٹ، مصنوعی ذہانت، سائبر ٹیکنالوجی اور کرپٹو کرنسی جیسے ذرائع نے ایسے امکانات پیدا کیے ہیں جن کے ذریعے وہ پروپیگنڈا، بھرتی، رابطوں اور مالی وسائل کے حصول کو زیادہ موثر بنا سکتے ہیں۔اٹلانٹک کونسل کے ماہرین کے مطابق یہ ٹیکنالوجی مستقبل میں دہشت گرد گروہوں کو زیادہ کم لاگت اور وسیع پیمانے پر کارروائیاں کرنے کی صلاحیت دے سکتی ہے۔اٹلانٹک کونسل کے جنوبی ایشیا سے متعلق تجزیے میں افغانستان کی صورتحال پر بھی توجہ دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی (افغانستان میں موجود اڈوں کو استعمال کرتے ہوئے پاکستان میں حملے کرتی رہی ہے اور اس کے بیشتر حملوں کا ہدف پاکستانی سیکیورٹی فورسز رہی ہیں۔

بقیہ 22

کیے۔وفاقی وزیر توانائی نے اجلاس میں ایٹمی محکمے کی کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ ڈیمانڈ نوٹس میں ملی بھگت کے ذریعے لوڈ کم لکھنے سے بجلی کے نظام پر اضافی بوجھ پڑ رہا ہے۔وفاقی وزیر نے انکشاف کیا کہ بجلی کا عملہ رشوت لے کر کم لوڈ لکھواتا ہے، مرغیاں کھاتا ہے اور یوں پورے سسٹم کا ستیاناس کر رہا ہیانہوں نیکہا کہ ڈیمانڈ نوٹس میں لوڈ کی درست نشاندہی نہ ہونے کے باعث سسٹم پر توقع سے زیادہ بوجھ پڑتا ہے،جس سے پاور سیکٹر کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ 23

جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 1.41 ڈالر کمی کے بعد 104.42 ڈالر فی بیرل پر آ گیا رپورٹ کے مطابق سعودی عرب نے آبنائے ہرمز میں جاری کشیدگی کے باعث عالمی مارکیٹ کو اضافی تیل فراہم کرنے کے لیے عمان کے قریب متبادل راستے سے خام تیل کی ترسیل کی پیشکش کی ہے عالمی توانائی مارکیٹ میں یہ پیش رفت ایسے وقت سامنے آئی ہے جب آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آمد ورفت معمول سے نمایاں کم ہوگئی ہے، جس سے خام تیل اور دیگر توانائی مصنوعات کی عالمی سپلائی کے حوالے سے خدشات بڑھ گئے ہیں سعودی عرب کی جانب سے متبادل راستے کے ذریعے تیل کی فراہمی بڑھانے کے اقدام کو عالمی مارکیٹ میں سپلائی کے دباؤ کو کم کرنے کی کوشش قرار دیا جارہا ہے تاہم خطے میں جاری کشیدگی کے باعث تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ برقرار رہنے کا امکان ہے دوسری جانب امریکی تیل کے ذخائر میں اضافے نے بھی عالمی مارکیٹ میں قیمتوں پر کچھ دباؤ کم کیا ہے ۔ تاہم تجزیہ کاروں کے مطابق مشرق وسطی میں صورتحال معمول پر آنے تک عالمی تیل مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال برقرار رہ سکتی ہے پاکستان کے لیے بھی عالمی تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ اہم ہے، کیونکہ بلند عالمی قیمتوں سے پٹرولیم مصنوعات کی درآمدی لاگت، زرمبادلہ کے اخراجات اور ملکی معیشت پر دباؤ بڑھ سکتا ہے ماہرین کے مطابق عالمی خام تیل کی قیمت میں اضافے کا پاکستان میں پٹرول کی قیمت پر اثر براہ راست ایک ہی تناسب سے نہیں پڑتا، بلکہ مقامی قیمتوں کا تعین عالمی مصنوعات کی قیمت، ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر، ٹیکسز، پٹرولیم لیوی، فریٹ اور دیگر اخراجات کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے عالمی مارکیٹ ک

پاکستان میں ہونے والی دہشتگردی میں افغان سرزمین استعمال ہو رہی ہے، وزیر مملکت

آزاد کشمیر میں افغانستان سے اسلحہ پہنچایا جارہا ہے، اسلحے کی فراہمی میں مقامی سہولت کاری بھی شامل ہے، وزیر مملکت داخلہ

کالعدم ایکشن کمیٹی کے 38 میں سے 37 مطالبات پورے یا جزوی طور پر مانے گئے اور ان پر عملدرآمد بھی شروع ہوا، پریس کانفرنس

ویڈیو بیچ چلائی گئیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ اگر غیر کرام ٹمپیٹ وک پاکستان میں دہشتگردی کیلئے سہولت فراہم کرتا ہے، نیٹ ورک کو پکڑنے کا آغاز ایک فیلڈ ایجنٹ کی گرفتاری سے ہوا، یہ شخص آزاد کشمیر کا ہی رہنے والا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

تاجر برادری نے اسمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کی تجویز مسترد کردی

ڈنڈے کے زور پر لاک ڈاؤن لگانے کی کوشش کی گئی تو سخت مزاحمت کی جائے گی، ملک گیر احتجاج کیا جائیگا، تاجر رہنما

لاہور، کراچی (بی این ایم) تاجروں نے حکومت کی جانب سے ملک میں ممکنہ اسمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کی تجویز کو یکسر مسترد کردیا۔ تفصیل کے مطابق اسمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کی تیاریوں پر تاجر برادری کا شدید ردعمل (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

چوری سے امریکا اسمگل کی گئی 36 نوادرات حکومت پاکستان کو واپس دیدی گئیں

نیویارک (بی این ایم) پاکستان سے چوری کرکے امریکا اسمگل کی گئی 36 نوادرات حکومت پاکستان کو واپس دیدی گئیں۔ امریکا اسمگل کی گئی 36 نوادرات اب پاکستان ائی جائیں گی۔ ریپورٹ کے مطابق نیویارک کاؤنٹی ڈسٹرکٹ کے اٹارنی دفتر میں تقریب ہوئی جس میں نیویارک میں پاکستان کے قونصل جنرل عامر (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

آئندہ چند ماہ میں ایران جنگ بالکل مختلف مرحلے میں داخل ہوجائے گی، امریکا

ہم مشرق وسطیٰ سے متعلق اپنی خارجہ پالیسی کو اسرائیل کے مفاد تک محدود نہیں کرسکتے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس

واشنگٹن (بی این ایم) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ کے پہلے مرحلے کے مقاصد مکمل کرلیے گئے ہیں جبکہ آئندہ چند ماہ میں یہ جنگ بالکل مختلف مرحلے میں داخل ہوجائے گی۔ نیویارک پوسٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے جے ڈی وینس نے کہا کہ امریکا کو ایران کے ساتھ جنگ کے مقاصد کے حصول کیلئے مزید کیا کچھ کرنا ہوگا اس کا فیصلہ کرنا درست ہے کہ یہ جنگ جتنا جلد ممکن ہو ختم ہونی چاہیے۔ (باقی صفحہ 6)

وزیر اعظم کا چھوٹے کاروبار کی معاونت کیلئے حکمت عملی بنانے کا حکم

وفاقی کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے چھوٹے کاروبار کی فراہمی کو آسان بنانے کیلئے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے

اسلام آباد (بی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے چھوٹے کاروبار کی معاونت اور اس کی عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے جامع حکمت عملی بنانے کا حکم دیدیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سیڈ کو ملک بھر میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروبار کی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

اسمارٹ لاک ڈاؤن ملک مفلوج کرنے کے مترادف ہے، سید امان شاہ

پہلے ہی تین دن چھٹی سے عوام بالخصوص مزدور طبقہ شدید متاثر ہوگا، صوبائی صدر عوام پاکستان

کوئٹہ (بی این ایم) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے اسمارٹ لاک ڈاؤن کو ناقابل عمل قرار دیتے ہوئے کہا کہ پہلے ہی تین دن چھٹی سے عوام شدید متاثر ہوگا، صوبائی صدر عوام پاکستان ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بین الاقوامی سمندری حدود میں پاکستانی و بھارتی بحریہ کے جہازوں کی ممکنہ ٹکر

پاکستانی ناظم الامور کو طلب کرکے احتجاج ریکارڈ کروایا گیا ہے، بھارتی وزارت خارجہ

نئی دہلی (بی این ایم) بھارت کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ انھوں نے نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمیشن کے ناظم الامور (چارج ڈی افیئرز) کو طلب کرکے پاکستانی بحریہ کے پوسٹ کے مبینہ غیر پیشہ وارانہ اور ناقابل قبول طرز عمل پر شدید احتجاج ریکارڈ کروایا ہے۔ پی ٹی وی رپورٹ (باقی صفحہ 6 نمبر 4)

پیٹرولیم ڈیلرز کا ایلیفٹ سسٹم کے طریقے پر اعتراض، اسکیم پر پیٹرول دینے سے انکار

فیول اسکیم کا حصہ نہیں بنیں گے، زبردستی کرنے پر پیٹرول پمپس بند کردیں گے، چیئرمین پی پی ڈی اے

فیول ریلیف کا اقدام قابل تعریف ہے لیکن ہمیں اس اسکیم کے طریقہ کار پر اعتراض ہے، ملک خدا بخش

کراچی (بی این ایم) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن (پی پی ڈی اے) نے اعلان کیا ہے کہ سندھ ڈیلرز فیول ایسوسی ایشن سمیت دیگر ڈیلرز ایسوسی ایشن کی شدید مخالفت کے باوجود حکومت کی فیول سبسڈی کے پروگرام پر عملدرآمد کی صورت میں پمپس بند کردیں گے۔ ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک فہد افتخار نے عہدیداروں اور ڈیلرز کے ہمراہ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی فیول سبسڈی کے پروگرام پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ ایسوسی ایشن کے چیئرمین اور عہدیداروں نے کہا کہ سبسڈی شدہ قیمت کی ادائیگی کے طریقے کو تبدیل کیا جائے، ڈیلرز کو ادائیگی کے لیے 15 دن کا وقت د